شرائط وضوابط برائے نیلام عام

پھل باغ کینو، موسمی، فروٹر اور امرود وغیرہ

برائے مدت تین سال

یہ بذریعہ عام اعلان مطلع کیا جاتا ہے کہ پھل باغ کینو، موسمی، فروٹر اور امرود وغیرہ کو مدت تین سال کے لیے نیلام عام کیا جائے گا۔ نیلامی درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت ہو گی.

شرائط وضوابط

1۔ باغ جہاں ہے اور جیسے ہے کی بنیاد پر نیلام کیا جائے گا۔

2۔ ہر بولی دہندہ کو بولی میں شرکت کے لیے مبلغ 5,00,000 روپے بطور زرِ ضمانت جمع کروانا ہوں گے۔ ناکام بولی دہندہ کو زرِ ضمانت موقع پر واپس کر دیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ مزید 10,00,000 روپے بطور سکیورٹی فوراً جمع کروائے گا، جو تین سال تک بطور ضمانت جمع رہیں گے۔

3۔ بولی کل باغ کے 37 ایکڑ رقبہ کے پھل کی اکٹھی ہو گی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا چوتھائی حصہ علاوہ زرِ ضمانت حتمی منظوری کے دن جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ آئندہ سال کی چوتھائی رقم ہر سال یکم فروری کو جمع کروانا ہو گی۔

5. بقایا رقم کی ادائیگی ہر صورت بذریعہ پوسٹ ڈیٹیڈ چیک بمطابق مقررہ شیڈول کے ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور متعلقہ ذمہ دار مکمل طور پر جوابدہ ہو گا۔

10 اکتوبر میں کل رقم کی ایک چوتھائی (دوسری قسط)

10 دسمبر میں کل رقم کی ایک چوتھائی (تیسری قسط)

10 جنوری میں کل رقم کی ایک چوتھائی (چوتھی قسط)

عدم ادائیگی کی صورت میں ادارہ پھل توڑنے سے روک سکتا ہے اور زرِ ضمانت ضبط کر سکتا ہے۔

6۔ ہر سال ٹھیکہ کی رقم میں 10٪ اضافہ کیا جائے گا۔

7۔ انکم ٹیکس اور دیگر حکومتی ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق لاگو ہوں گے۔ کسی بھی نئے ٹیکس کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہوگی۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ پودوں کو نقصان نہیں پہنچائے گا اور باغ میں کسی قسم کی فصل کاشت نہ کرے گا۔

9۔ باغ میں جانور رکھنے یا چرانے کی اجازت نہ ہوگی۔ خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ اور رقم ضبط کی جا سکتی ہے۔

10۔ موسمی حالات، قدرتی آفات یا بیماری سے ہونے والے نقصان کا ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

11۔ ہل، گوڈی، کھاد، ادویات اور دیگر تمام زرعی اخراجات ٹھیکیدار کے ذمہ ہوں گے۔

12. باغ کی نگہداشت کے حوالے سے پورے سال کا شیڈول پی ایل ڈی ڈی بی مہیا کرے گا، اور کامیاب بولی دہندہ اس پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہوگا۔ ادارہ ہذا کا نامزد نمائندہ ہر ماہ مہیا کردہ شیڈول کے مطابق عمل درآمد کی باقاعدہ جانچ کر کے اپنی تحریری رپورٹ مجاز اتھارٹی کو پیش کرنے کا پابند ہوگا۔

13. مہیا کردہ شیڈول کی مسلسل تین ماہ خلاف ورزی کی صورت میں ادارہ ہذا کو بلا نوٹس ٹھیکہ منسوخ کرنے کا حق محفوظ ہوگا، اور سیکیورٹی ضبط تصور ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ اس فیصلے کے خلاف کسی عدالت، ٹریبونل یا کسی دیگر فورم سے رجوع کرنے کا حق نہیں رکھے گا۔

14۔ تین سال مکمل ہونے پر 10 اپریل 2029ء کو باغ خالی کرنا ہوگا۔

15. نہری پانی فارم کے شیڈول اور تناسب کے مطابق فراہم کیا جائے گا۔ موجودہ بور ادارہ ہذا کی جانب سے فعال حالت میں مہیا کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ معاہدہ کی مدت مکمل ہونے یا قبل از وقت جگہ خالی کرنے کی صورت میں مذکورہ بور کو مکمل طور پر فعال اور قابلِ استعمال حالت میں ادارہ کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں تمام اخراجات کامیاب بولی دہندہ سے وصول کیے جائیں گے۔

16۔ کامیاب بولی دہندہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی فراہم کرے گا۔

17۔ باغ کسی دوسری پارٹی کو فروخت یا منتقل نہیں کیا جا سکے گا۔ خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ اور رقم بمعہ زرِ ضمانت ضبط کر لی جائے گی۔

18۔ ادارہ کسی منصوبہ یا مجبوری کے تحت دو ماہ قبل نوٹس دے کر پھل توڑائی کے بعد معاہدہ ختم کر سکتا ہے اور کسی ہرجانے کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

19۔ لکڑی ٹیکوں یا جھونپڑی وغیرہ کے لیے فراہم نہیں کی جائے گی۔ سوکھا کاٹنا اور دیگر دیکھ بھال ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

20۔ کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر بولی منسوخ اور جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

21۔ کسی اختلاف کی صورت میں چیف ایگزیکٹو آفیسر کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اس کے خلاف کوئی عدالتی چارہ جوئی نہیں کی جا سکے گی۔

📌 نوٹ: نیلامی میں شرکت کرنے والے تمام افراد ان شرائط کو تسلیم کرنے کے پابند ہوں گے۔